Urdu

## پولیس اور قانونی نظام

ریپ کرائسس ہیلپ لائن اسکاٹ لینڈ (اسکاٹ لینڈ میں جنسی تشدد کا شکار ہونے والوں کے لئے ہیلپ لائن ٹیلیفون لائن) 08088 01 03 02 (مفت فون اور منی کام)

' ای میل کی معاونت بھی support@rapecrisisscotland.org.uk پر دستیاب ہے'

ریپ کرائسس اسکاٹ لینڈ کی ہیلپ لائن اور مقامی ریپ کرائسس سینٹرز ایسے افراد کو مدد فراہم کرتے ہیں جو جنسی تشدد سے متاثر ہوئے ہوں اس سے قطع نظر کہ انہوں نے اس بات کی اطلاع پولیس کو دی ہے یا نہیں۔ ریپ کرائسس کی ہیلپ لائن زیادتی کا شکار ہونے والوں، ان کے دوستوں، رشتے داروں اور ان کے ساتھ کام کرنے والوں کو ابتدائی قسم کی اور ہنگامی صورت حال میں مدد اور معلومات فراہم کرتی ہے۔ حملہ چاہے حال ہی میں ہوا ہے، یا بہت عرصہ پہلے ہوا تھا، پولیس کو اس کی رپور ٹ کرنا آپ کی اپنی صوابدید پر منحصر ہے۔ اگر آپ رپورٹ دینے کے بارے میں سوچ رہے ہیں یا آپ پہلے ہی ایسا کر چکے ہیں، تو ریپ کرائسس اسکاٹ لینڈ کی ہیلپ لائن آپ کو مفت اور رازداری سے مدد اور معلومات فراہم کر سکتی ہے۔

**پولیس کو اطلاع دینا**

اگر آپ کے ساتھ زنا بالجبر ہوا ہے یا آپ پر جنسی حملہ ہوا ہے اور آپ نے پولیس کو رپورٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے تو بہتر ہوگا کہ جلد از جلد ایسا کر لیا جائے۔ اندورنی حصے سے قانونی شہادت حاصل کرنے کی مدت عام طور پر پہلے 72 گھنٹے کے اندر اندر ہوتی ہے تاہم، دیگر قانونی شہادتوں مثلاً بال یا کپڑوں پر داغوں کو بعض اوقات 10 دن تک حاصل کیا جا سکتا ہے۔ قانونی شہادت چاہے کسی بھی قسم کی ہو ہمیشہ یہ بہتر ہوتا ہے کہ اسے جلد ازجلد حاصل کر لیا جائے کیونکہ یہ بہت آسانی سے ضائع ہو سکتی ہے۔

اس مدت کے بعد بھی رپورٹ کرنا ممکن ہے اور ماضی میں ہونے والے حملوں کی رپورٹ بھی کی جا سکتی ہے۔

جب آپ پوکیس کو رپورٹ کریں گے تو غالب امکان ہے کہ فیملی پروٹیکشن یونٹ (خاندانی تحفظ کے یونٹ) میں آپ کا معائنہ کیا جائے گا جہاں خصوصی طور پر تربیت یافتہ افسر اور سہولتیں موجود ہیں۔ اگر آپ خاتون پولیس افسر سے بات کرنے کو ترجیح دیتی ہیں تو آپ اس کے لئے کہہ سکتی ہیں۔ مستقبل میں رابطے کے لئے پولیس افسر کا نام اور نمبر نوٹ کر لینا بہتر ہوگا۔ آپ سے کہا جائے گا کہ حملے کے بارے میں اور جن حالات میں یہ حملہ ہوا ہے اس بارے میں ایک بیان دیں۔ ہر بات کا یاد نہ رہنا بالکل قدرتی بات ہے اور اگر آپ چاہیں تو آپ کو یہ موقع دیا جائے گا کہ اگلے روز اس بیان میں اضافہ کر لیں۔

اگر آپ حال ہی میں ہونے والے کسی حملے کے بارے میں رپورٹ کر رہے ہیں تو آپ کو ڈاکٹری معائنہ کروانے کے لئے کہا جائے گا تاکہ قانونی ثبوت حاصل کیا جا سکے، قانون شہادت بڑی آسانی سے ضائع ہو سکتی ہے اس لئے پولیس والے یہ ہدایت دیتے ہیں کہ زیادتی کا شکار ہونے والوں کو چاہئے کہ اگر ممکن ہو سکے تو قانونی معائنہ کروانے سے پہلے نہ نہائیں اور نہ کچھ کھائیں پئیں۔

اس بات کا غالب امکان ہے کہ آپ کو یہ بھی کہا جائے گا کہ آپ اسی جگہ پر واپس چلیں جہاں پر حملہ ہوا تھا تاکہ پولیس والے مزید شہادتیں اکٹھی کر سکتے ہیں۔

جب آپ کو پولیس کو رپورٹ دے رہے ہوں تو یہ جان لینا بہتر ہوگا کہ:

- رپورٹ لکھنے میں کئی گھنٹے لگ سکتے ہیں۔
- جب آپ رپورٹ لکھوانے کے لئے جائیں تواپنی مدد کے لئے کسی ایسے شخص کو جس پر آپ اعتماد کرتے ہوں یا ریپ کرائسس کے کسی ورکر کو ساتھ لے جانا مفید ہوسکتا ہے۔
- قانونی شہادت بڑی آسانی سے ضائع ہو سکتی ہے اس لئے جلد از جلد رپورٹ کرنا بہت ضروری ہے۔
- یہ بہتر ہوگا کہ ایک اضافی لباس ساتھ لے جائیں کیونکہ ہو سکتا ہے کہ پولیس کو ثبوت کے لئے لباس کی ضرورت ہو۔ اگر حملے کے بعد آپ لباس تبدیل کریں تو اسے پلاسٹک کے ایک بیگ میں ڈال کر ساتھ لے جائیں کیونکہ ہو سکتا ہے کہ اس پر قانونی ثبوت ابھی تک موجود ہو۔

جب پولیس شہادتیں اکٹھی کر لے گی تو پرو کیریٹر فسکل (سرکاری وکیل) کو اپنی تفتیش کی رپورٹ پیش کرے گی جو یہ فیصلہ کرے گا کہ آیا حملہ کرنے والے پر مقدمہ چلانے والے کے لئے کافی ثبوت موجود ہے۔ اسکاٹ لینڈ کے قانون کے تحت 2 شہادتیں ضروری ہیں جو ایک دوسرے کی تصدیق یا تائید کرتی ہوں چنانچہ آپ کی رپورٹ کی تائید کے لئے دوسری شہادت تلاش کی جائے گی۔ اگر کوئی تائیدی شہادت تلاش کرنا ممکن نہ ہوا تو پرو کیریٹر فسکل آپ کے کیس کو عدالت میں نہیں لے جا سکتا، اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کی بات پر یقین نہیں کیا گیا۔

**ملزم**

ممکن ہے کہ ملزم کو حراست میں رکھا جائے، تاہم اس بات کا زیادہ امکان ہے کہ عدالت میں اس کی پہلی پیشی پر یا اس کےایک ہفتے بعد تک اسے ضمانت پر رہا کر دیا جائے گا۔ وی آئی اے (ستم رسیدہ لوگوں کو معلومات فراہم کرنے ولا شعبہ) کو چاہئے کہ آپ سے رابطہ کرے اور اس بارے میں آپ کو بتائے۔ اس کی ضمانت کی ایک شرط یہ ہوگی کہ وہ آپ کے قریب نہیں آ سکتا یا آپ سے رابطہ نہیں کر سکتا۔ اگر وہ ایسا کرتا ہے تو اس بات کی پولیس کو اطلاع دینی چاہئے کہ  اس نے اپنی ضمانت کی شرائط کی خلاف ورزی کی ہے۔

**مقدمے سے قبل (پریکگنیشن) تحقیقات**

چاہے حملہ آور الزامات کا جواب دینے کے لئے عدالت میں حاضر ہو یا نہ ہو، امکان یہ ہے کہ مقدمے کی شہادت کی تفتیش پروکیوریٹر فسکل ہی کرے گا۔ اسے پریکگنیشن تحقیق کہتے ہیں۔ پروکیوریٹر فسکل کا یہ معمول ہے کہ آپ خصوصی اقدامات (مثلاً ایک جانچ یا ایک معاون) کی درخواستوں سمیت مقدمے سے متعلق بات چیت کے لئے ایک اجلاس میں آنے کے لئے کہے۔

اگر پولیس کو مزید معلومات درکار ہوں، تو پروکیوریٹر فسکل انہیں آپ سے ایک اضافی بیان لینے کے لئے کہہ سکتا ہے۔ اگر آپ پولیس کو دیا گیا اپنا بیان دیکھنا چاہتے ہوں، تو آپ پروکیوریٹر فسکل کے دفتر میں اس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرنے کے لئے خود کو قابل سمجھتے ہیں، تو یہ مدد گار ہو سکتا ہے کیونکہ مقدمات کو عدالت تک پہنچنے کے لئے ایک سال تک کا عرصہ لگ سکتا ہے اور آپ کے بیان کی بنیاد پر ہی آپ کو سوال پوچھے جا سکتے ہیں۔

یہ امکان بھی ہے کہ ملزم کا وکیل بھی مقمے سے پہلے آپ کے ساتھ بات کرنا چاہے۔ یہ قانونی عمل کا ایک عام حصہ ہے۔ آپ کے لئے ضروری نہیں کہ آپ انٹرویو کے لئے رضامند ہوں لیکن حصہ لینے کے لئے فسکل آپ کی حوصلہ کرے گا۔

**مدت**

اگر کیس عدالت میں جاتا ہے تو ملزم کو حراست میں ہونے کی صورت میں چار ماہ کے اندر اور اگر وہ ضمانت پر ہے تو ایک سال کے اندر اندر مقدمہ شروع ہو جائے گا۔

وہ ی آئی اے جو پرو کیوریٹر فسکل سروس کا ایک حصہ ہے، آپ سے رابطہ کرے گا وہ آپ کو کیس کی پیش رفت کے بارے میں آگاہ کر سکیں گے۔

**کیس عدالت میں**

زنا بالجبر کے کیسوں کی سماعت ہمیشہ ہائی کورٹ میں ہوتی ہے۔ دیگر جنسی جرائم کی سماعت ہائی کورٹ یا شیرف کورٹ کسی ایک میں بھی ہو سکتی ہے۔ اگر ملزم اقبال جرم کر لیتا ہے تو پھر آپ کو گواہی دینے کے لئے نہیں بلایا جائے گا۔ تاہم اگر کیس عدات میں جاتا ہے تو آپ کو عدالت میں پیشی کا ایک حکم نامہ (سائٹیشن) موصول ہوگا جس میں اس کی تفصیل دی گئی ہوگی کہ آپ کو کب حاضر ہونا چاہئے۔ یہ بات رکھنے والی ہے کہ کیسوں کی سماعت ہمیشہ اپنی پہلی تاریخ پر شروع نہیں ہوتی، جب آپ عدالت میں جائیں تو آپ وٹنیس سروس سے مدد طلب کر سکتے ہیں اور جب آپ گواہی دیں تو وہ موجود ہو سکتے ہیں۔

جب کوئی کیس عدالت میں چلا جاتا ہے تو پھر سرکار (کراؤن) اس کی پیروی کرتی ہے نہ کہ آپ۔ اس کی وجہ اس کی سنگینی اور عوامی تحفظ پر اس کا اثر ہے۔ تاہم اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ اس کیس میں بطور گواہ پیش ہوں گے اور اس طرح آپ کا کوئی وکیل نہیں ہوگا۔ سرکار کی طرف سے ایک ایڈووکیٹ ڈیپیوٹ (سرکاری وکیل) ملزم کے خلاف بولے گا۔

مقدمے میں گواہی دیتے وقت، آپ سے آپ کا نام، عمر، پتہ اور پیشہ پوچھا جائے گا۔ اگر آپ اپنا پتہ نہیں بتانا چاہتے تو آپ جج کی اجازت سے لکھ کر بھی دے سکتے ہیں یا جس پولیس اسٹیشن پر آپ نے رپورٹ درج کروائی تھی، اپنا پتہ اس پولیس اسٹیشن کی معرفت بھی دے سکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ سے اس حملے کی متعلق سوالات تفصیل سے پو چھے جائیں گے اور یہ سوالات ایڈووکیٹ ڈیپیوٹ اور ملزم کا/کی وکیل پوچھیں گے۔ آپ مقدمے سے پہلے یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ جب گواہی دیں تو عدالت کو خالی کروا لیا جائے۔ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ عام لوگوں کو عدالت سے باہر بھیج دیا جائے گا لیکن عدالت کے اہل کار اور جیوری جیوں کے ارکان پھر بھی موجود رہیں گے (تقریباً 27 لوگ)۔

ملزم اپنی وکالت خود نہیں کر سکتا، اور اگرچہ وہ مقدمے کے تمام عرصے کے دوران عدالت میں موجود رہے گا لیکن وہ آپ سے کوئی سوال نہیں پوچھ سکے گا۔

**سزا**

تین فیصلے ممکن ہیں: قصور وار، قصور ثابت نہیں ہوا، اور قصور وار نہیں۔ اگر عدالت 'قصور ثابت نہیں ہوا' یا 'قصوروار نہیں' کا فیصلہ سناتی ہے تو اس کا مطلب ضروری طور پر یہ نہیں کہ آپ کی بات پر یقین نہیں کیا گیا، بلکہ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ جیوری نے یہ محسوس کیا کہ مجرم ثابت کرنے کے لئے شہادت کافی نہیں تھی۔
اسکاٹ لینڈ میں زنا بالجبر اور جنسی حملے کے جرائم میں مجرم ثابت کرنے کی شرح کم ہے اور اکثر اوقات فیصلے

قانونی اور ٹیکنیکل نکات کی بنیاد پر کئے جاتے ہیں (مثلاً ناکافی تائید)۔ پروکیوریٹر فسکل کے دفتر کا عملہ آپ کو اس بارے میں وضاحت سے بتا سکتا ہے۔

سزا کا فیصلہ ہمیشہ جج کرتا ہے اور وہ جرم کی سنگینی اور ملزم کے پرانے ریکارڈ کی بنیاد پر کرتا ہے۔ عملی طور پر ایسا لگتا ہے کہ جج دو سے دس سال کی سزا سناتے ہیں، اگرچہ ریپ، جنسی حملے، اور محرمات کے ایک چھوٹے بچے ساتہ جنسی تعلق (انسیسٹ) اور ریپ کے لئے زیادہ سے زیادہ عمر قید کی سزا سنائی جا سکتی ہے

اگر آپ کے کیس کی سماعت شیرف کورٹ میں ہوئی ہے تو وہاں مقدمے کے 2 طریقے ممکن ہیں۔ سمری طریق کار (وہ طریق کار جس میں جیوری نہیں ہوتی) میں مقدمے کی سماعت شیرف کے پاس ہوتی ہے اور اس میں زیادہ سے زیادہ 3 ماہ قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ اور اگر ملزم کا تشدد کا پچھلا ریکارڈ بھی ہے تو اسے بڑھا کر 6 ماہ کیا جاسکتا ہے۔ سالم طریق کار میں مقدمے کی سماعت شیرف اور جیوری کے پاس ہوتی ہے اور اس میں زیادہ سے زیادہ 5 سال کی قید کی سزا ہو سکتی ہے۔ اگر شیرف یہ خیال کرے کہ اس سے زیادہ سزا مناسب ہوگی تو وہ مجرم کو سزا کے لئے ہائی کورٹ کے سپرد کر سکتا ہے۔

**جرم کے نتیجے میں آنے والے زخموں کا معاوضہ (کریمینل انجریز کمپینسیشن)**

اگر آپ نے پولیس کو حملے کی رپورٹ کی ہے تو آپ جرم کے نتیجے میں آنے والے زخموں کے معاوضے کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔ کیس کا چلنا ضروری نہیں ہے نہ ہی ملزم کے خلاف مقدمے کی کامیابی ضروری ہے، زنا بالجبر یا جنسی حملے کے بعد 2 سال کی مدت کی حد ہے جس کے اندر اندر آپ درخواست دے سکتے ہیں، بچپن کی زیادتی کی درخواستوں کے لئے یہ مدت - - - - - - - - - - - - - - - - - - ہے۔

کلیم فارم اور درخواستوں کے لئے رہنمائی مندرجہ ذیل پتے پر دستیاب ہے۔

Criminal Injuries Compensation Authority
Tay House
200 Bath Street
Glasgow
G2 4LN
ٹیلیفون: 0141 221 26726

مقامی ریپ کرائسس سینٹرز (زنا بالجبر کا شکار ہونے والوں کی مدد کے لئے مقامی سنٹرز)

ایبرڈین ریب اور ایبیوز سنٹر: 772 620 01224

آرگائل اینڈ بیوٹ ریپ کرائسس سنٹر: خواتین – 85 46 121 0800 مرد – 0399 032 0800

مرکزی اسکاٹ لینڈ ریپ اینڈ سیکشوئل سنٹر: 771 471 01786

ڈمفریز اینڈ گیلو وے: 113 253 01387

ڈنڈی وومینز ریپ اینڈ سیکشوئل ابیوز سنٹر: 291 201 01382

ایسٹ ائر شائر ریپ کاؤنسلنگ اینڈ ریسورس سنٹر: 769 541 01563

ایڈنبرا وومینز ریپ اینڈ سیکشوئل ایبیوز سنٹر: 9437 556 0131

فائل ریپ اینڈ سیکشوئل اسالٹ سنٹر: 336 642 01592

گلاسگو ریپ کرائسس سنٹر: 0141 552 3200

لینیک شائر ریپ کرائسس سنٹر: 01698 527 003

ریپ اینڈ سیکشوئل ایبیوز سنٹر پرتھ اینڈ کن راس: 01738 630 965

اسکاٹش بارڈر ریپ کرائسس سنٹر: 0800 054 2445

ویسٹرن آئلز ریپ کرائسس سنٹر: 01851 709 965